# اسپنرز کی شاندارباؤلنگ کی بدولت خیبرپختونخوا نے سنٹرل پنجاب کو211 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے دی

**لاہور،28نومبر2019ء:**

این بی پی اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے نویں راؤنڈ کے میچ میں 325 رنز کے تعاقب میں سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں 113 رنزبناکر آؤٹ ہوگئی۔ خیبرپختونخوا کے اسپنرز محمد محسن، خالدعثمان، فخر زمان اور ساجد خان نے میچ میں مشترکہ طور پر17 وکٹیں حاصل کیں۔211 رنز سے میچ جیتنے والی خیبرپختونخوا کی یہ ایونٹ میں دوسر ی کامیابی ہے۔

عمر اکمل اور محمد سعد نے سنٹرل پنجاب کی جانب سے4وکٹوں کے نقصان پر 13 رنز سے کھیل کے آخری روز کا آغاز کیا تو عمر اکمل 43 اور محمد سعد 12 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوگئے۔ مڈل آرڈر بیٹسمین عثمان صلاح الدین نے 118گیندوں پر 29 رنز کی ناقابل شکست کھیلی، جو رائیگاں گئی۔خیبرپختونخوا کے اسپنرز نےنپی تلی باؤلنگ کا مظاہرہ کیا۔سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں60ویں اوور میں 113رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ محمد محسن، خالدعثمان اور ساجد خان نے میچ میں 5،5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ فخر زمان نے میچ میں 2وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل خیبرپختونخوا کے 355 رنز کے جواب میں سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 228 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔ دوسری اننگز میں خیبرپختونخوا نے 7وکٹوں کے نقصان پر 197 رنز بناکر اننگز ڈکلیئر کردی تھی۔ سنٹرل پنجاب کے اسپنر ظفر گوہر نے آٹھ وکٹیں حاصل کیں۔

پوائنٹس ٹیبل پر پہلے نمبر پر براجمان سنٹرل پنجاب کی یہ ایونٹ میں پہلی شکست ہے۔

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**

Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk